ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(494)

مورخہ 13.10.25

**بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کا سماج دشمن عناصر کے خلاف گرینڈ آپریشن، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 13ملزمان گرفتار۔بھاری مقدار میں شراب،منشیات اور اسلحہ ناجائز برآمد۔جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن منشیات سے پاک پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد حسن اقبال کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ اوچشریف اور تھانہ عنائتی پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 04ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 248لیٹر چالو بھٹی برآمد کرلی۔اسی طرح تھانہ صدر احمدپور شرقیہ ،عنائتی اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے 04ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 04 کلو 660

ناجائز کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے تھانہ صدر یزمان، سٹی وصدر حاصل پور اور تھانہ قائم پور پولیس نے 05ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 01عدد کاربین 12بور اور 04عدد پسٹل 30بور برآمد کرلئے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او محمد حسن اقبال کے احکامات، پولیس کا مختلف علاقوں میں گرینڈ آپریشن، متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((495

**13.10.25**

**بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کا شہریوں کی طرف سے ایمرجنسی کی صورت میں پکار 15 کی کالز پر فوری ریسپانس کرنے کی ہدایت، تمام شہریوں کی سکیورٹی ہمارے لیے یکساں ہیں، ان کی جان ومال کی حفاظت ہمارا اولین فرض ہے، شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں، ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں شہریوں کی طرف سے ایمرجنسی کی صورت میں پکار 15 کی کالز پر فوری ریسپانس کرنے کی ہدایت جاری کیں۔ پکار 15 پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے ساتھ سنٹرالائزڈ اور 24/7 ایکٹیو ہے۔ شہری ایمرجنسی صورتحال میں پکار 15 پر اطلاع دیتے ہیں، جس پر پولیس کی طرف سے فوری ریسپانس ہونا چاہیے۔ متعلقہ پولیس کی طرف سے بروقت رسپانس نہ ہونے پر وارداتوں کے وقوع پذیر ہونے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ ضلع بھر میں پکار 15 کو موصول ہونے والی ٹیلی فون کالز، ان کا متعلقہ پولیس کو اطلاع دینا اور متعلقہ پولیس کے رسپانس تک کے تمام عمل کو مانیٹر کیا جا رہا ہے۔ غفلت ولاپرواہی ہر گز برداشت نہیں کی جائے گی، عوام کے دکھوں کا مداوا کرنے کے ساتھ ساتھ پبلک سروس ڈیلیوری کو بہتر بنایا جائے۔ شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے پکار 15 کی کالز پر فوری رسپانس کے حوالے سے متعدد احکامات جاری کردیئے